صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 06 مارچ 2012ء بمطابق 12 ربیع الثانی 1433ہجری بعداز دوپہر پانچ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمَانِ الرَّحِيمِ

اللَّهُ الَّذِى خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضَ وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَخۡرَجَ بِهِۦ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزۡقًا لَّكُمۡ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الۡفُلۡكَ لِتَجۡرِىَ فِى الۡبَحۡرِ بِأَمۡرِهِۦ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الۡأَنۡهَارَ0 وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ دَآئِبَيۡنِ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ0 وَءَاتَاكُم مِّن كُلِّ مَا سَأَلۡتُمُوهُ ۚ وَإِن تَعُدُّواْ نِعۡمَتَ اللهِ لَا تُحۡصُوهَآ ۗ إِنَّ الۡإِنسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ۔ صَدَقَ اللهُ ۗ الۡعَظِيمِ۔

ترجمہ: خدا ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے مینہ برسایا پھر اس سے تمہارے کھانے کیلئے پھل پیدا کئے اور کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیر فرمان کیا تاکہ دریا (اور سمندر) میں اس کے حکم سے چلیں اور نہروں کو بھی تمہارے زیر فرمان کیا اور سورج اور چاند کو تمہارے لئے کام میں لگا دیا کہ دونوں (دن رات) ایک دستور پر چل رہے ہیں اور رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا اور جو کچھ تم نے مانگا سب میں سے تم کو عنایت کیا اور اگر خدا کے احسان گننے لگو تو شمار نہ کر سکو۔ (مگر لوگ نعمتوں کا شکر نہیں کرتے) کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا بےانصاف اور ناشکرا ہے۔ و آخِرُ الدَّعوٰانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں سید محمد علی شاہ 06-03-2012، پرنس جاوید 06-03-2012، تاج محمد خان ترند صاحب 06-03-2012، وجیہہ الزمان خان 06-03-2012، حاجی قلندر خان لودھی صاحب 06-03-2012، ثناء اللہ میاں خیل صاحب 06-03-2012، کشور کمار 06-03-2012، جاوید خان عباسی صاحب 06-03-2012، سردار اورنگزیب نلوٹھا 06-03-2012 اور سید مرید کاظم شاہ صاحب 06-03-2012۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ پاکستان میں جمہوریت پروان چڑھ رہی ہے اور عوام کی منتخب حکومت، بلکہ حکومتیں مارچ میں اپنے چار سال مکمل کرنے جارہی ہیں اور امید ہے کہ مقررہ پانچ سال مکمل ہونے کے بعد جب ہم اور آپ سب عوامی نمائندگان عوام سے اپنی کارکردگی کا سرٹیفیکیٹ لینے جائیں گے تو کم از کم ہم انکو اپنی کارکردگی بتانے کے اہل ہونگے۔ اسی حوالے سے عوام کو اپنی کارکردگی وقتاً فوقتاً بتانا ضروری سمجھتا ہوں۔ بحیثیت عوامی نمائندگان ہر ممبر اپنے علاقے میں ہر طرح کے مسائل سے آگاہ ہوتا ہے۔

(بیرسٹر ارشد عبداللہ، وزیر قانون کسی دوسرے رکن اسمبلی سے محو گفتگو ہیں)

جناب سپیکر: آنریبل لاء منسٹر صاحب! یہ بہت ضروری باتیں میں کر رہا ہوں، اگر آپ اپنی اسمبلی ذرا بند کر دیں تو میں آگے بڑھوں گا۔ بحیثیت عوامی نمائندگان، دوبارہ Repeat کرونگا آپ کیلئے، ہر ممبر اپنے علاقے میں ہر طرح کے مسائل سے آگاہ ہوتا ہے اور انکی مشکلات دور کرنے کیلئے حتی الوسع کوشش کرتا رہتا ہے جو اسکے فرائض میں شامل ہے لیکن کچھ امور ایسے بھی ہوتے ہیں جن سے حلقے کے عوام کا بالواسطہ تعلق نہیں ہوتا لیکن بلاواسطہ ایسے امور انکی زندگیوں پر اثرانداز ہوتے رہتے ہیں جو انکی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ وہ امور ہیں جو عوامی نمائندگان کی حیثیت سے آپ اس معزز ایوان میں پیش کرتے ہیں یا حکومت کی طرف سے کئے جانے والے اقدامات پر قانون سازی کی جاتی ہے جو یقیناً عام آدمی

پر دوررس نتائج کا سبب ہوتی ہے لیکن بظاہر عام آدمی اس سے بے خبر ہوتا ہے، لہذا ایسے امور کا عوام کے علم میں لانا نہایت ضروری ہے تاکہ انکو معلوم ہو سکے کہ اس معزز ایوان نے ان کی مشکلات کے حل کیلئے کیا کردار ادا کیا ہے؟ موجودہ اسمبلی کو اپنے اوائل دو سالوں میں جن حالات کا سامنا کرنا پڑا، وہ روز روشن کی طرح عیاں ہے اور دہشت گردی سے نمٹنے اور امن وامان کی بحالی کیلئے حکومت نے جو اقدامات اٹھائے ہیں اور حکومتی رٹ قائم کی، وہ یقیناً اُس حکومت کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے (تالیاں) جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے، کم ہے۔ صوبائی اسمبلی نے گزشتہ چار سالوں میں Seventy، 'ستر' بلز جن میں مختلف یونیورسٹیوں کے قیام اور خصوصاً خیبر میڈیکل یونیورسٹی، اسلامیہ کالج یونیورسٹی، عبدالولی خان یونیورسٹی اور پرائیویٹ سیکٹر میں اباسین یونیورسٹی اور اقراء نیشنل یونیورسٹی شامل ہیں، پاس کئے۔ اس کے علاوہ چائلڈ پروٹیکشن، خواتین کے رتبے کے تحفظ سے متعلق کمیشن کے قیام، صوبائی محتسب کے قیام، انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے قیام، جوڈیشل اکیڈمی کے قیام، غلطیوں سے پاک قرآن مجید کی اشاعت اور مقامی زبانوں کی ترویج کے بلز شامل ہیں جبکہ پرائیویٹ ممبر بلز جو کہ خواتین کے تحفظ ملکیت کے بارے میں تھا، اسکے علاوہ ہے جسے اس اسمبلی نے پاس کیا۔ اس اسمبلی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ حکومت کی توجہ ایڈہاک ملازمین کو مستقل کرنے اور اساتذہ اور ڈاکٹروں کی پوسٹنگ، ٹرانسفر سے متعلق جو ایک خصوصی بل بھی آپ نے منظور کیا، میرے خیال میں اس اسمبلی کا اس صوبے کے عوام کیلئے ایک بہت ہی عظیم، بہت بڑا تحفہ ہے۔ (تالیاں) معزز اراکین اسمبلی! اس موقع پر خواتین ممبران اسمبلی کا بھی بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے نہ صرف سوالات، قرارداد وغیرہ میں بھرپور طریقے سے حصہ لیا بلکہ قانون سازی میں بھی مؤثر انداز سے اپنا کردار ادا کیا، وہ بھی قابل تحسین ہے بلکہ دوسروں کیلئے قابل تقلید بھی ہے، جس میں خواتین کے تحفظ ملکیت کا بل قابل ذکر ہے جو ایک خاتون رکن کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، میں خصوصی طور پر انکو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) آپ کی عوامی سوچ اس بات کی عکاسی کرتی ہے اور عوامی مشکلات کے حل کیلئے آپ کی طرف سے جمع کردہ سوالات، توجہ دلاؤ نوٹسز، تحاریک التواء سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے ان کے حل کیلئے جو کاوشیں کی ہیں اور مجھے یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اس معزز ایوان کے ممبران نے گزشتہ چار سالوں میں 2982 سوالات جمع کروائے جن میں سے 1955 ایوان میں زیر بحث لائے گئے جس میں سر فہرست، سب سے زیادہ سوالات مفتی کفایت اللہ صاحب کے 566، (تالیاں) محترمہ نور سحر 265 سوالات (تالیاں) اور مفتی سید جانان

صاحب تیسرے نمبر پر رہے جنہوں نے 264 سوالات پوچھے۔ (تالیاں) 1684 توجہ دلاؤ نوٹسز بھی جمع کرائے گئے جن میں 201 ایوان میں زیر بحث لائے گئے جبکہ 303 تحاریک التواء آپ ممبران صاحبان کی طرف سے جمع کیں گئیں اور 75 پر ایوان نے سیر حاصل بحث کی۔ 673 قرار دادیں اسمبلی میں جمع کرائی گئیں جن میں سے 282 قرار دادوں کی ایوان نے منظوری دی۔ قائمہ کمیٹیاں جو کہ اسمبلی کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہیں، نے کل 512 اجلاس منعقد کئے اور کئی بہت ہی ضروری، اہم امور کو نمٹایا گیا۔ یقیناً اس تمام کارروائی میں جہاں حکومت کی طرف سے تعاون حاصل رہا، وہاں اپوزیشن کا کردار بھی بڑا واضح اور بہت ہی خوش آئند رہا۔ (تالیاں) اسمبلی کارروائی میں جہاں اسمبلی سیکرٹریٹ کی شب و روز محنت شامل ہے وہاں جمہوری اقدار کی ترویج میں میڈیا کے دوستوں اور تمام ذمہ داروں نے بھی اپنا حصہ ادا کیا۔ میڈیا نے بخوبی اپنا کردار ادا کیا جن کا میں اس کردار پر انتہائی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ (تالیاں) میں اس موقع پر سیکیورٹی پر معمور اہلکاروں اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کا بھی ضرور شکریہ ادا کرونگا جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات کے باوجود، سخت ترین موسموں میں اور طویل اجلاسوں میں اپنا مؤثر کردار ادا کیا جس کیلئے میں انکا ذاتی طور پر تہہ دل سے مشکور ہوں۔ شکریہ جی۔ (تالیاں) تھینک یو جی۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}:</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> جی جناب بشیر احمد بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> سپیکر صاحب! آپ کا شکر گزار ہوں۔ آپ نے بڑی تفصیل سے بات بتائی اور کہا، میں ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کروں کہ ہمارے تمام ممبران اسمبلی نے، اپنے علاقے کے جو مسائل تھے، یہاں پہ لائے اور حکومت کی طرف سے ہم نے پوری کوشش کی کہ انکو عملی جامہ پہنایا جائے اور انکے پرابلمز جو ہیں، وہ حل کئے جائیں۔ سپیکر صاحب، میں کفایت اللہ مفتی صاحب کا، نور سحر کا، مفتی جانان کا بھی شکر گزار ہوں۔ یہ سوال جو ہوتے ہیں، یہ ایڈ جرنمنٹ موشنز یا کال اٹینشن نوٹسز اپنے علاقے کے عوام کی بات حکومت تک پہنچانا ہوتی ہے اور خدا کے فضل سے حکومت نے تمام جو باتیں تھیں، پوری کوشش کی کہ اس پر عمل درآمد کیا جائے۔ سپیکر صاحب، جیسے آپ نے فرمایا کہ ہمارے حالات اتنے خراب تھے، ہماری Law and Order situation اتنی خراب تھی، ہماری دہشت گردی کے حالات ایسے، جو ابھی تک بھی ہم ان سے چھٹکارہ حاصل نہیں کر سکے مگر ایک بات میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا

ہوں کہ اللہ کے فضل سے جہاں پہ دہشت گردوں کا گڑھ تھا، آج اللہ کے فضل سے نائیجرین سفیر جاکر وہاں سکیم کر رہی ہیں اور وہاں سارے پاکستان کے لوگ آکر، وہاں سکیم کر رہے ہیں اور لوگ اپنے Enjoy کر رہے ہیں وہاں پہ موسم کو، (تالیاں) یہ ایک بہت بڑا کارنامہ ہے اس حکومت کا، اور میں یہ بھی کہوں سپیکر صاحب، کہ ہمارے جتنے بھی اپوزیشن کے دوست ہیں، ہمارے میڈیا کے دوست، سب نے ہمارے ساتھ مکمل تعاون کیا۔ اللہ کا شکر ہے، یہ میں فلور آف دی ہاؤس سے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ خدا کے فضل سے یہ واحد جمہوری حکومت ہے جس میں صدر پاکستان بھی جمہوری طریقے سے Elect ہوئے ہیں، جس میں پرائم منسٹر بھی پارلیمنٹ سے Unanimously Elect ہوئے ہیں اور اس حکومت کے زیر سایہ ہم نے آج چار سال، اس حکومت نے پورے کئے اور اسمبلی نے پورے کئے۔ پہلے لوگوں نے پانچ سال بھی کئے ہونگے مگر ایک مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور ایک اسکی فوجی وردی کے تحت جو صدر تھا، اس کے تحت انہوں نے پورے کئے ہیں۔ آج ہم فخر سے کہتے ہیں کہ ہم نے، ایک جمہوری حکومت نے مرکز میں اور صوبے میں اپنے چار سال پورے کئے ہیں۔ سپیکر صاحب، آپ نے قراردوں کے سلسلے میں سارے لوگوں کے نام لیے، بڑی صحیح بات ہے، ہم سب کے شکر گزار ہیں، ہم اپنے ممبروں کے، اسمبلی کے ہمارے بھائی ہیں، جنھوں نے دن رات ہمارے ساتھ محنت کی ہے، آپ نے جو بات کی ہے پولیس کی اور ان ایجنسیوں کی جو لاء اینڈ آرڈر کی ایجنسیز ہیں اور میں خاصکر پشاور کے عوام کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں جن لوگوں کو یہاں ہماری اسمبلی کی وجہ سے گھنٹوں گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے، جو ٹریفک کے حالات بنتے ہیں، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ کوآپریشن کیا اور خدا کے فضل سے کوئی ایسا واقع پیش نہیں آیا جس میں گورنمنٹ کیلئے کوئی Problem create ہو۔ سپیکر صاحب، میں ساتھ یہ بھی کہونگا کہ بہت قراردادیں بھی پاس ہوئیں مگر خدا کے فضل سے ایک اہم قرارداد ہم نے پاس کی جو کہ پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم قرارداد تھی جس کی ہم نے ہاؤس سے ریکویسٹ کی تھی، میں ہاؤس کا شکر گزار ہوں کہ میں نے جب پیش کی تو سارے ہاؤس نے اس کو Unanimously پاس کیا تھا، وہ ہمارے پشاور ائیرپورٹ کا نام جس کیلئے میں نے باچا خان انٹرنیشنل ائیرپورٹ کی درخواست کی تھی یہاں پہ، تو وہ ایک اہم قرارداد میرے بھائیوں نے متفقہ طور پر پاس کی تھی اور آج اللہ کا شکر ہے اور مجھے فخر ہے اپنی مرکزی حکومت پر اور مرکزی قیادت پر کہ آج باچا خان کے نام پر انٹرنیشنل ائیرپورٹ، ہمارے پشاور ائیرپورٹ کا نام باچا خان انٹرنیشنل ائیرپورٹ رکھ دیا گیا۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! یہ خدا کے فضل سے اسی

وجہ سے ہوا ہے کہ ہم اسمبلی کو جرگے کی حیثیت سے چلانا چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بھائی ہیں اپوزیشن میں، آج ہم ادھر ہیں، کل ہم ادھر ہونگے اور یہ ادھر نہیں ہونگے ان شاء اللہ مگر ہم ہی ہونگے ادھر مگر پھر بھی حالات کا پتہ نہیں چلتا (قہقہے/تالیاں) تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں سپیکر صاحب، کہ جیسے ہم نے جدوجہد کی، جیسے ہم نے Terrorism کا مقابلہ کیا، جیسے ہم نے اس کے باوجود ایک بہت بڑے سیلاب کا مقابلہ کیا، جو پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے نہیں تھا اور اس کے باوجود ہم نے جیسا کہ آپ نے فرمایا، ہم نے پانچ یونیورسٹیاں قائم کیں۔ ہم نے ولی خان کے نام پہ یونیورسٹی کے نو کیمپس چترال تک ہم نے کھول دیئے اور ان شاء اللہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کرک میں بھی ایک یونیورسٹی اور کیمپس خواہ مخواہ کھولیں۔ سپیکر صاحب، میں اس ہاؤس کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ان شاء اللہ ہم بہت جلد کرک میں ایک ریفائنری، جو ہمارا تیل نکل رہا ہے اور جو گیس ہے، اس کی ایک ریفائنری بھی میں نے مرکز سے بات کی ہے، ان شاء اللہ وہ بھی ہم جلد سے جلد اس کا افتتاح کرینگے۔ (تالیاں)

سپیکر صاحب، ہم نے کوشش کی ہے کہ ہم اپنے صوبے کیلئے این ایف سی ایوارڈ لے کر آئے ہیں۔ سپیکر صاحب، یہ بھی ایک بہت بڑا ہماری صوبائی اسمبلی کا کارنامہ ہے۔ سپیکر صاحب، پہلے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو اختیار دے دیا گیا تھا کہ وہ این ایف سی ایوارڈ، نیشنل فنانس کمیشن کا فیصلہ کرے، جو ایک مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر تھا۔ ہمارے اس وقت کے پولیٹیکل لوگ اتحاد نہیں کر سکے، اکٹھے نہیں بیٹھ سکے ایک ٹیبل پہ، یہ اس حکومت کا کارنامہ ہے اور اس اسمبلی کا کارنامہ ہے خدا کے فضل سے کہ ہم اور انہوں نے بیٹھ کر، انہوں نے 43% صوبوں کو دیا تھا اور 57% مرکز نے رکھا تھا، اس حکومت نے اور اس اسمبلی نے خدا کے فضل سے، اسمبلی کی اس لئے بات کرتا ہوں کہ ہم سب اسمبلی کے ممبر کی حیثیت سے کام کرتے ہیں، تو وہاں پہ اللہ کے فضل سے ہم نے نیشنل فنانس کمیشن کا جو ایوارڈ تھا، 57% مرکز سے صوبے نے لیا اور vice versa ہم نے کیا، 43% ہم نے مرکز کو دیا۔ آج اللہ کا شکر ہے اربوں روپے ہم کو اس سے زیادہ آمدن آ رہی ہے۔ سپیکر صاحب، اسی حکومت نے اور اسی اسمبلی کی وجہ سے اللہ کے فضل سے پہلے ہم کو چالیس کروڑ، اسی کروڑ روپے آتے تھے، آج ہمیں تیل اور گیس کی مد میں سولہ ارب روپے خدا کے فضل سے انشاء اللہ اس سال مل رہے ہیں۔ (تالیاں) سپیکر صاحب، اس اسمبلی کی وجہ سے ہم نے، یہ بھی ایک ریکارڈ ہے سپیکر صاحب، کہ 1973 میں ہمارے آئین میں بجلی کے پیسے کی بات کی گئی تھی، 1973 سے 1999 تک ہمیں ایک ٹیڈی پیسہ بھی نہیں ملا، ہماری 1990 میں جب حکومت آئی تو ہم نے

پہلے نواز شریف صاحب کے ساتھ یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہمیں اپنی بجلی کے پیسے دیں، Six billion rupeesانہوں نے 1990 میں ہمیں Fix کئے، آج وہی چھ ارب روپے ہمیں ملتے ہیں، ایک ٹیڈی پیسہ بھی زیادہ نہیں ہوا۔ میں یہ فلور آف دی ہاؤس پہ ان شاء اللہ یہ تسلی دیتا ہوں اپنی اسمبلی کو کہ کوشش ہم کر رہے ہیں کہ ہم ان شاء اللہ اس سال مرکز سے اپنے اس چھ ارب روپے کو De-cap کریں اور کوشش کریں کہ ہم زیادہ سے زیادہ اپنے پیسے اس صوبے کیلئے حاصل کریں۔ سپیکر صاحب، ہماری کوشش یہ ہے کہ ہم چشمہ رائٹ بنک کینال کی بھی ہم نے بات کی تھی فیڈرل گورنمنٹ سے، اگر وہ نہ کرے تو ہم کوشش کرینگے کہ ہم اپنے صوبائی بجٹ سے اس کیلئے کچھ پیسے رکھیں اور اسمبلی سے ان شاء اللہ اس کو پاس کرائیں۔ سپیکر صاحب، ہماری کوشش رہی ہے کہ ہم صوبے میں ڈیویلپمنٹ بھی کریں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کریں، سیلاب کا بھی مقابلہ کریں اور عوام کے حقوق جو ہیں، جیسے آپ نے تفصیل بتائی ہے کہ ہم نے جو لیجسلیشن کی ہے، جو ہم نے سوالوں کے جواب دیئے ہیں، جو ہم نے ایڈجرنمنٹ موشن پہ بات کی ہے، جو ہم نے کال اٹینشن نوٹسز پہ بات کی ہے، خدا کے فضل سے ان شاء اللہ ہم یقین دلاتے ہیں اپنے تمام بھائیوں کو کہ ان شاء اللہ Next year انتخابات جو ہونگے، 2013 میں ہونگے اور ہم ان شاء اللہ آپس میں بیٹھ کر اسی طرح اپنی اسمبلی کو چلائیں گے، جس طرح ہم چلا رہے ہیں۔ ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ دو دو منٹ بولیں تاکہ ایجنڈے پہ آ جائیں جی۔ سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی، جناب سپیکر۔ زه ستاسو مشکور یم چه ماله مو موقع راکړه۔ واقعي یو لحاظ سره که اوګورو نو دا د خوشحالئ خبره ده چه څلور کاله پوره شو زمونږ د اسمبلئ، ځکه چه دے نه مخکښے اسمبلو ته به هغه شان ټائیمونه نه ملاویدل او دا یو ښه روایت قائمیږی چه زمونږ اسمبلی خپل مدت پورا کړی خو جناب سپیکر، آیا صرف په دے باندے ځان خوشحالول چه یره مونږ څلور کاله پورا کړل، آیا په دے باندے به عوام مطمئن کیږی، هغه خلق چه کوم مونږ له په دے دغه سره ووټ راکوی او مونږ دے ایوان ته په دے حوالے سره رالیږی چه مونږه به د هغوی مسئلے حل کوؤ؟ آیا په دے څلور کالو کښے مونږ د هغوی دا مسئلے دومره حل کړے دی چه هغوی مطمئن دی؟ نه جناب

سپیکر، په دے باندے به ځان له دھوکه نه ورکوؤ چه مونږ وایو چه څلور کاله مونږ تیر کړل او مونږ دا اوکړل او مونږ دا اوکړل۔ جناب سپیکر، چه بهر بازارونو ته اوځئ، بهر خلقو له لاړ شئ نو هغه خلق خوشحاله نه دی، هغوی مطمئن نه دی ځکه چه مونږ که فوکس کړے دے نو خالی یوے مسئلے باندے چرته دغه کړے دے ، Overall responsibility مو هغه لحاظ سره نه ده اغستے۔ جناب سپیکر، زما محترم سینیئر وزیر صاحب خبرے اوکړے او ډیر هغوی دغه اوکړو چه مونږ دا دا دغه کړی دی چه مونږ دا دغه کړو۔ یو وخت وو چه وئیل به ئے چه یره نور کارونه نه کوؤ صرف دهشت گردئ باندے زمونږ دغه دے ، مونږ ته ذمه واری چه ده، هغه دا ده، حکومت چه کوؤ نو بیا به ذمه واری د ټوټل د هر څه اخلو، دا نه ده چه مونږ وایو چه بس دا یو مسئله مونږ ته مخامخ ده، صرف دا به ډیل کوؤ او نور به نه دغه کوؤ، نو جناب سپیکر، هغه مسئله هم هغه شان نه ده حل شوے او په هغے باندے لا د فوکس ضرورت دے ، لا هغه شے هم هغه شان موجود دے۔ که د چا دا خیال وی چه دا مسئلے ختمے شوے دی نو دا مسئلے ختمے شوے هغه شان نه دی۔ بیا دغه شان جناب سپیکر، په دے څلورو کالو کښے چه کوم ریکارډ گرانی راغلے ده نو زما خیال دے دا هم چرته مخکښے په تاریخ کښے دومره گرانی نه وه راغلے او دا هم د موجوده حکومت د ناقصه پالیسو په نتیجه کښں راغلے ده (تالیاں) ځکه چه نن د سټیټ بینک گورنر پاڅی او هغوی دا رپورټ ورکوی چه موجوده حکومت څلور اربه روپئ صرف خپل حکومت چلولو د پاره روزانه چھاپ کوی لگیا دے او د هغے بوجھ په چا دے ؟ د هغے بوجھ په غریب عوامو باندے دے ، په محنت کشو باندے دے ، په مزدورانو باندے دے ، په کسانانو باندے دے جناب سپیکر، نو په دے د مونږ نه خوشحالیږو چه څلور کاله مونږ پوره کړل۔ جناب سپیکر، کارکردگی را مخامخ کول دی۔ دلته کښے خبره اوشوه د این ایف سی ایوارډ، نو که مونږ دے باندے وایو چه یره مونږ 57% واغستلو، جناب سپیکر، زه ډیر افسوس سره وایمه چه د این ایف سی ایوارډ که هسټری مونږ اوگورو نو دیکښے به همیشه صوبو کښے 80% به ملاویدل او مرکز سره به 20% وو۔ دا دے باندے د مونږ نه خوشحالیږو چه یره مونږه 57% کړل او 43% هغه مرکز سره پاتے شو۔ جناب سپیکر، دلته

کښنے د نیټ هائیډل پرافیټ یو وخت کښے دا دعوے هم شوے وے چه دا مسئله مونږه حل کړه، په دے پیښور کښے ډیرو خلقو بورډونه لګولی وو او ډیرے مبارکئ به ئے ورکولے چه یره دا مسئله مونږه حل کړے ده، دا زه په دے باندے خوشحاله یمه چه نن هغه خلقو پخپله دا اووئیل چه یره هغه مسئله هغه شان نه ده حل شوے او دا مونږ مرکز سره په دے باندے خبره کوؤ۔ جناب سپیکر، که تسلی مونږ ځان له ورکول غواړو، د دروغو تسلی ورکوؤ نو هغه هر څوک ځان له ورکولے شی، نو جناب سپیکر، زما دا دغه نه دے، په دیکښے د هر چا یو دغه دے، مشترکه زمونږ هاؤس دے خو په دے باندے چه مونږ سوچ اوکړو چه آیا واقعی هغه خلقو چه کومو امیدونو سره مونږ دلته کښے رالیږلی یو چه آیا په هغے باندے مونږه پوره راغلی یو او که نه؟ جناب سپیکر، دا پوائنټ سکورنګ خبره نه ده، دا د دے خبره نه ده چه یو حکومت د اووائی چه یره ما دا اوکړل او ما دا اوکړل او زه به دغه شمه، د هغے به مونږ ته پته اولګی، الیکشن چه کله راشی، پته به اولګی چه د چا پالیسئی د چا خوښے وی، د چا کارکردګی د چا خوښه ده، د هغے به یو جواب مونږ ته ملاؤ شی خو جناب سپیکر، صرف زه دے وخت کښے دا وایمه چه مونږ ته Pragmatic سوچ پکار دے، مونږ ته دا سوچ پکار دے چه آیا واقعی څه مونږ Difference راوستلو او که نه ؟ جناب سپیکر، ما صرف دے موقع باندے دا دا وئیل۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ مفتی کفایت اللّٰه صاحب، لږ مختصر هغه کوئ، ایجنډے ته راځو۔ جی، مفتی کفایت اللّٰه صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، بہت بہت شکریہ۔ مجھے تو اس کا اندازہ نہیں تھا کہ آج بشیر بلور صاحب اپنی حکومت کی مدح سرائی کرینگے، ہم اس کی تیاری کرکے آجاتے لیکن خیر وہ جو ترکی بہ ترکی ہوتا ہے، اس کیلئے چند پوائنٹ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ چار سال مکمل ہو گئے ہیں اور یہ تمام جمہوریتوں کیلئے نیک شگون ہے اور جب بھی طالع آزما آتا ہے تو اس کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، اس اسمبلی کی بہت اچھی باتیں ہیں اور ایک بات اچھی یہ ہے کہ ناموس رسالت کے حق میں ایک متفقہ قرارداد پیش کی گئی ہے۔ اس کی ایک اچھی بات یہ بھی ہے کہ سلالہ چیک پوسٹ پر جب حملہ ہوا تو اس نے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے ایک متفقہ قرارداد اس کے حق میں پاس کی کہ

امریکہ کی جنگ جو ہے وہ مناسب نہیں ہے اور جب قرآن مجید کی بے حرمتی ہوئی ہے تو اس پر موقع بہ موقع، میرے خیال میں میرے سینیئر منسٹر بھول گئے ہیں، کہ انہوں نے اس صوبے کا نام بھی تبدیل کیا ہے اور وہ بتا نہیں سکے، تو میں ان کو ایک پلس پوائنٹ دیتا ہوں کہ آپ نے صوبہ سرحد کو خیبر پختونخوا بھی بنایا ہے (تالیاں) اور یہ آپ کی وہ باتیں ہیں لیکن جناب سپیکر، توازن تب پیدا ہوتا ہے جب آپ اپنی کمزوریوں پر بھی نظر رکھیں۔ میری رائے ہے اور اس سے اتفاق حکومت کا ضروری نہیں ہے، صرف سننا ضروری ہے کہ جس طرح شیر پاؤ خان نے کہا کہ بہت زیادہ مہنگائی بڑھ گئی ہے، اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے اور جناب سپیکر، لوڈ شیڈنگ ہمارے لئے ایک عذاب بن گیا ہے، وہ گیس کی بھی اور وہ بجلی کی بھی۔ اور بجلی تو ہم پیدا کرنے والا صوبہ ہیں لیکن ہمارا وکیل اتنا کمزور ہے کہ وہ مرکز میں اپنا یہ کیس نہیں لڑ سکا کہ ہمارے صوبے کو فری لوڈ شیڈنگ صوبہ بنا دیا جائے اور ایسی پوزیشن میں کہ یہاں اور وہاں مشترکہ حکومتیں ہیں، ان کی بات آسانی سے سنی جاتی ہے لیکن میرے خیال میں عوام کی اس کمزوری کی طرف اور اس مصیبت پر توجہ نہیں دی گئی اور جناب سپیکر، آج کل ایک اور مصیبت آئی ہے، ہمارے ہر صارف کے بل میں، وہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے نام سے کچھ پیسے ہوتے ہیں اور آپ کو جناب سپیکر، اندازہ ہوگا، یہ پن بجلی کی مد میں یہ ہم سے پیسے نہیں لئے جاتے، یہ جو تھرمل بجلی ہے، وہ چونکہ بہت زیادہ مہنگی ہوتی ہے اور پانی سے پیدا شدہ جو ہے، وہ بہت زیادہ سستی ہے اور فیول ایڈجسٹمنٹ کے طور پر اس صوبے سے بھی وہ ایڈجسٹمنٹ لی جاتی ہے، وہ پیسے لئے جاتے ہیں جو صوبہ یہاں بجلی پورے ملک کو دے رہا ہے اور ہمارے کرم فرما اس کی طرف توجہ نہیں کر رہے ہیں۔ میں یہ بتانے پر بہت زیادہ شرم محسوس کرتا ہوں کہ مرکز میں بھی ایک حکومت ہے اور صوبہ میں بھی ایک ہی حکومت ہے لیکن ہماری صوبائی حکومت کوئی میگا پراجیکٹ نہیں لے سکی اور نہ کوئی گیگا پراجیکٹ لے سکی۔ آج وہ اس قابل ہوتے کہ وہ یہ کہتے کہ ہمیں اتنا بڑا میگا پراجیکٹ آیا ہے، گیگا پراجیکٹ آیا ہے بلکہ ہم تو یہ رونا روتے ہیں کہ وہ جو ایکسپریس، ہزارہ ایکسپریس وے، آپ نے بہت زیادہ دلچسپی لی، اس کے تمام کے تمام پیکجز جنوبی پنجاب کو منتقل ہو گئے ہیں اور سندھ کو منتقل ہو گئے ہیں اور جناب سپیکر، "خپله خاوره خپل اختیار" کا اس سے بہتر مطلب اور کیا ہو سکتا ہے کہ میری لاشوں پر زلزلے کے اندر جو پیسہ آگیا تھا، اس کا چالیس ارب روپیہ کہیں اور منتقل ہو گیا ہے اور ہمارے حکمرانوں کی زبان گنگ ہو گئی ہے، وہ چاڑے ہو گئے ہیں، وہ بول نہیں سکتے کہ یہ مظلوموں کا پیسہ کیوں ہٹا دیا گیا ہے؟ جناب سپیکر، این ایف سی ایوارڈ کی بات کی جاتی ہے لیکن غالباً آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے یہ بات کی

جاتی ہے۔ این ایف سی ایوارڈ پر یہ جہاں چاہیں میں مناظرہ کرنے کیلئے تیار ہوں۔ این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان جیتا ہے، صوبہ خیبر پختونخوا نہیں جیتا، ہمیں نقصان ہوا ہے۔ آپ اندازہ لگائیں کہ پنجاب کو بھی فائدہ ہوا ہے ریونیو کے اندر، سندھ کو بھی فائدہ ہوا ہے ریونیو کے اندر، وہاں بہت بڑا پورٹ ہے لیکن بلوچستان کو اضافی رقم دی گئی ہے آغاز حقوق بلوچستان کے نام پر۔ اگر کوئی محروم صوبہ ہے این ایف سی ایوارڈ کا تو وہ صوبہ خیبر پختونخوا ہے اور جس کے سینیئر منسٹر جناب بشیر بلور صاحب ہیں۔ ہمیں یہ طعنہ دیا جاتا ہے کہ اس سے پہلے مارشل لاء والوں کے پاس یہ اختیار تھا۔ نہیں جناب سپیکر، ایسا نہیں تھا، چاروں صوبوں کا اتفاق نہیں ہوا تھا۔ این ایف سی ایوارڈ پر، اس کی دوبارہ تجدید پر جب چاروں صوبوں کا اتفاق نہیں ہو سکا تھا تو صدر کے پاس Automatically یہ اختیار آ جاتا ہے کہ جس صوبے نے صدر کو یہ اختیار نہیں دیا لیکن آج جب یہ بات کی جاتی ہے تو میں معلوم کرنا چاہتا ہوں، میں بتانا بھی چاہتا ہوں، میں ہمدردی بھی کرنا چاہتا ہوں کہ این ایف سی ایوارڈ کے اندر جس بدبخت صوبے کو نقصان ہوا ہے، وہ میرا صوبہ ہے۔ جناب سپیکر، یہ بھی بتایا جاتا تو اچھا ہوتا کہ ہم نے 110 ارب روپے، ایم ایم اے گورنمنٹ نے 110 ارب روپے جو طے کر دیئے تھے اور پھر ہماری حکومت کو موقع نہیں ملا تھا، وہ 110 میں سے بقایا کتنے اور لے لیے؟ اور جو اس وقت بشیر بلور پارلیمانی لیڈر اے این پی کے ہوا کرتے تھے، جناب بشیر خان بلور، وہ کہا کرتے تھے کہ ہمارے 593 ارب روپے ہیں اور 110 ارب روپے ہمیں قابل قبول نہیں ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کس طرح برداشت کیا اور پھر کیسے قبول کیا؟ اور آج یہ حکومت 110 ارب لینے کے اندر بھی ناکام ہوئی ہے اور ہمارے ساتھ گزارہ کیا جاتا ہے۔ میں آخری پوائنٹ پہ آتا ہوں جناب سپیکر، دہشت گردی کے نام پر جو جنگ ہے اس میں ایک طرف تو خون ہے لیکن ایک طرف ڈالرز ہیں۔ وہ ڈالرز براہ راست اسلام آباد کو آتے ہیں، وہ میرے لوگوں کو نہیں آتے، میرے صوبے کو نہیں آتے، وہ ڈالرز جو اس مد میں دیئے جاتے ہیں، وہ جو شہدا کے نام پر ڈالرز ہیں اور وہ جو زخمیوں کے نام پر ڈالرز ہیں، وہ تمام کے تمام ڈالروں پر آج اسلام آباد قابض ہے اور جو میرا وکیل ہے، اس صوبے کا جو وکیل ہے، وہ یہ بات کرنے سے آج قاصر ہے۔ مجھے نہیں معلوم چار سالوں کے اندر وہ حق بات نہیں کر سکا تو پانچویں سال وہ کس طرح کریگا؟ اللہ تعالیٰ ان کو ہمت دے۔ بہت زیادہ شکریہ۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، ماله به لږ ټائم را کوئ چه زه خبره او کړم۔ سب سے پہلے میں آپ کا شکر گزار ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نو دا خو د جمهوریت یو حسن دا دے بشیر بلور صاحب، چه سوچ، رائے مختلف وی د هر چا، د هغوی به دا سوچ وو، ستا خپل پرفارمنس تاسو اوښودلو۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، دوئ بعض داسے خبرے اوکړلے چه د هغے جواب ضروری گنړم او د ریکارډ درست کولو د پاره دا ضروری دی۔

مفتی کفایت اللہ: بیا به مونږ هم جواب ورکوؤ۔

سینیئر وزیر بلدیات: خیر دے چه زه خبره اوکړم بیا تاسو هم اوکړئ کنه۔ زما دا ریکویسټ دے۔۔۔

جناب سپیکر: کیا اس ایجنڈے کو Suspend کردوں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): خیر دے سپیکر صاحب، هسے هم نور څه داسے Important خبرے نشته خو دا ضروری ده چه لږ ډیر۔۔۔۔

جناب سپیکر: ثاقب الله خان راته ډیر بد ګوری۔

سینیئر وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! زه شکر گزار یمه، زما ورور خبره اوکړه شیرپاؤ خان، دوئ وائی چه غریبوں کی کوئی بات نہیں ہوئی۔ انہوں نے یہ کہا کہ جی، یہاں پر مسئلے کا حل کچھ بھی ہو۔ گرانی ہوئی، مہنگائی ہوئی ہے لیکن مہنگائی اور گرانی یہ اس وقت جس وقت ہماری حکومت نہیں تھی تو میرے خیال میں سب لوگوں کو یاد ہے کہ لوگ لائنوں میں کھڑے ہو کر آٹا لیتے تھے۔ یعنی جب رمضان ہوتا تھا تو لڑائیاں ہوتی تھیں، صرف آٹے پر۔ اللہ کا شکر ہے آج وہ سب کچھ Available ہے، گندم ہم پہلے امپورٹ کرتے تھے جو مارشل لاء کی حکومت تھی، آج ہم گندم ایکسپورٹ کر رہے ہیں، یہ اس کے حالات ہیں۔ ہم چینی ایکسپورٹ کر رہے ہیں، ہم چاول ایکسپورٹ کر رہے ہیں۔ سپیکر صاحب، حکومت نے جو کچھ کیا ہے وہ ایک ریکارڈ ہے اور جو مہنگائی ہے، وہ بد قسمتی یہ ہے کہ ساری دنیا میں ہے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں فلور آف دی ہاؤس پہ کہ سات سو کمپنیاں جو ہیں، وہ دیوالیہ ہوئی ہیں امریکہ میں، تو یہ ساری دنیا میں Recession ہے اور اسی Recession میں ہم بھی، پاکستان بھی دنیا کا حصہ ہے اور پاکستانی بھی دنیا کا حصہ ہے اور گلوبل ویلج ہے اس لئے اس کا اثر ہم پر بھی پڑا ہے۔ میرے بھائی نے دوسرا یہ کہ انہوں نے کہا تھا کہ ہم نے بجلی کے پیسے حاصل کر لیے، ہم میں کوئی اگر یہ On board بتادیں کہ ہم نے یہ کہا ہو

کہ ہم نے چھ بلین کے پیسے کا فیصلہ کیا ہے، ہم نے تو دس بلین کی بات تھی اور جو مولانا صاحب قصہ فرما رہے ہیں، یہ فلور آف دی ہاؤس پر ریکارڈ ہے اور اس وقت میرے خیال میں ہم اپوزیشن میں تھے تو میں نے وہاں کہا تھا کہ ہمارے پانچ سو پچانوے بلین روپے بنتے ہیں مرکز کے پاس اور آپ اگر کوئی کمیٹی بناتے ہیں، اگر وہ کمیٹی فیصلہ کرتی ہے تو وہ اسمبلی میں لائیں، جب تک اسمبلی Approve نہ کرے ہم نہیں مانگیں گے مگر انہوں نے ہمارے بغیر ہی وہاں پر فیصلہ کیا اور ہمیں یہاں جواب دیا، اس وقت وزیر اعلیٰ درانی صاحب تھے کہ اگر آپ کہتے ہیں کہ اسمبلی میں لائیں تو پھر وہ واپڈا والے بھی کہیں گے کہ ہم اپنے فنانس اور فلاں ڈیپارٹمنٹ سے پوچھتے ہیں تو اسلئے آپ مہربانی کر کے اس میں Interference نہ کریں۔ انہوں نے فیصلہ کر لیا جی کہ ایک سو دس بلین روپے اس صوبے کو ملیں گے۔ اس کے بعد انہوں نے باوجود اس کے کہ مارشل لاء کی حکومت کے اس وقت ان کے ساتھ بڑے اچھے تعلقات بھی تھے لیکن وہ اس وقت عدالت میں چلے گئے، ان کو ایک پیسہ بھی نہیں ملا اور یہ آن ریکارڈ ہے۔ اگر میں غلط کہتا ہوں تو میری تردید کریں اور میں فلور آف دی ہاؤس اس کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں کہ یہ بھی عدالت میں گئے اور واپڈا بھی عدالت میں گیا اور ایک پیسہ بھی صوبے کیلئے لیکر نہیں آئے۔ یہ ہماری حکومت تھی جس وقت ہماری حکومت بنی، ہم پہلے سارے کیبنٹ کے ممبرز جو میرے ساتھ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، ہم پرائم منسٹر کے پاس گئے اور میں نے وہاں کھڑے ہو کر یہ بھی کہا کہ ہمارے 1973 سے لیکر 1990 تک جو Dues ہیں، اس کیلئے اور یہ بھی آن ریکارڈ ہے کہ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ 1973 کا آئین پاس ہوا تھا، اگر ولی خان صاحب اس پر دستخط نہ کرتے اور وہ اسی لئے انہوں نے روکا ہوا تھا کہ ہماری بجلی کے پیسے ہمیں دیں۔ میں یہ فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ اس وقت ہم پرائم منسٹر صاحب کے شکر گزار ہیں، دس ارب روپے انہوں نے ہمیں، دوسرے دن ہی ہمارے صوبے کو دیئے جو ایک سو دس بلین تھے، اس میں سے ایک پیسہ بھی یہ نہیں لے سکے۔

(تالیاں) پھر اس کے بعد میں یہ بھی آن ریکارڈ لانا چاہتا ہوں کہ دوسرے سال ہمیں پچیس ارب روپے مرکزی حکومت نے دیئے، یہ بھی میں ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں۔ پھر اس کے بعد پچیس لاکھ، پچیس ارب روپے اور دینے تھے تو ہمیں دو ارب روپے ہر مہینے وہ دے رہے ہیں، ہم نے پچیس ارب روپے ایک، پچیس ارب دوسرے اور دس ارب روپے پہلے ہمیں ملے ہیں۔ یہ ابھی بھی اگر اپنا اے ڈی پی اٹھا کر دیکھ لیں تب بھی اے ڈی پی دس پرسنٹ سے پندرہ پرسنٹ Increase ہوا ہے۔ آج آپ کا اے ڈی پی پچھلے سال سے 80 percent increase ہوا ہے تو یہ کہاں سے پیسے آ گئے ہیں اور سپیکر صاحب، یہ

بھی میں آن دی فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہم یہاں پر جتنی ہائیڈل جنریشن یا زیادہ سے زیادہ جو ڈیمز ہیں، وہ کچھ بنائیں اور ان شاء اللہ ہمارے پاس جتنے پیسے آرہے ہیں، ہم کوشش کرتے ہیں کہ وہ ان پر خرچ کریں۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ایک ٹیڈی پیسہ کوئی حکومت نہ پہلے اور نہ بعد میں ہائیڈل جنریشن میں لیکر آئی۔ ہماری حکومت پہلے بھی چھ ارب روپے لیکر آئی اور ایک سو دس ارب روپے سے آج ہم ساٹھ ارب روپے جو لیکر آئے ہیں، وہ بھی ہماری حکومت خدا کے فضل سے لیکر آئی ہے اور یہ کریڈٹ، ہم نے کبھی نہیں کہا کہ ہمیں بجلی کے وہ پیسے واپس ملیں۔ سپیکر صاحب، میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں صرف یہ ریکارڈ درست کرنے کے قابل ہو سکا۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Mr. Saqibullah Khan, to please move his call attention notice No. 708 in the House. 708 call attention notice.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جناب وزیر اعظم پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی صاحب نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کی روشنی میں ملک بھر کے سٹینو ٹائپسٹ، سٹینو گرافرز اور پرائیویٹ سیکریٹریوں کو اپ گریڈ کر کے بالترتیب بارہ سے چودہ، پندرہ سے سولہ اور سولہ سے سترہ اور اٹھارہ میں ترقی دینے کی منظوری دی۔ وفاقی حکومت اور اس کے اداروں نے فی الفور اس فیصلے پر عمل درآمد کرتے ہوئے اپنے ملازمین کو ترقی دینے کے احکامات صادر کر دیئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب یہ اسمبلی اس مد میں صوبائی کیڈر کے متعلق ریٹائرڈ ملازمین کی داد رسی کیلئے قرارداد بھی پاس کر چکی ہے، تاہم سپریم کورٹ کے فیصلے اور وزیر اعظم صاحب کی منظوری کے باوجود مذکورہ احکامات کو صوبہ خیبر پختونخوا میں تاحال نافذ العمل نہیں کیا گیا ہے جس کی وجہ سے ملازمین میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتی ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے اور بعد ازاں وزیر اعظم کی منظوری کو مد نظر رکھتے ہوئے سٹینو ٹائپسٹ، سٹینو گرافرز وغیرہ کو جلد از جلد ترقی دی جائے۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر صاحب! دا یو Discrimination دے جی، زمونږ پراونشل ایمپلائز سره شوے دے حالانکه دے اسمبلئ یو ریزولیوشن هم پاس کړے وو چه دوئ له د ترقی ورکړی۔ سپریم کورټ وئیلے دی سر، فیډرل ګورنمنټ وئیلے دی

او کہ تاسو اوگورئ جی کلہ ھم د ایمپلائز خبرہ راغلے دہ نو کم از کم دا درے ځلور بجٹس تہ اوگورئ نو صوبے لازمہ گنړلے دہ چہ ھر وخت فیډرل گورنمنټ وفاقی حکومت ملازمینو لہ کہ پیسے زیاتے کړے دی، کہ Incentives ئے زیات کړی دی، چہ څہ ئے کړی دی، ھغہ سپرټ ھر یو صوبے پہ خپل ځان ھم لاگو کړے دے او خپل پراونشل ایمپلائز لہ ئے ھم ورکړی دی، نو زما ریکویسټ دا دے چہ Discrimination پکار دے چہ او نہ شی۔ زمونږ صوبائی چہ کوم اھلکار دی، ھغوی دومرہ کار کوی، خاص کر ټائپسټ شو جی، سټینوگرافر شو، پرائیویټ سیکرټری شو، ھغے نہ زیات زمونږ منسټرانو صاحبانو تہ بہ پتہ وی چہ ھغوی څومرہ منډہ کوی، څومرہ کارونہ کوی۔ زما ریکویسټ دا دے چہ څنگہ سپریم کورټ آرډر کړے دے او څنگہ وفاقی حکومت ورکړی دی جی، نو د ھغے نوټیفیکیشن مطابق صوبائی کیدر تہ د ھم ملاؤ شی۔ ډیرہ مہربانی۔

جناب سپیکر: جی۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نہیں نہیں، کال اٹینشن پر بحث نہیں ہو سکتی، No debate on call attention آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): مہربانی جی۔ دے حوالے سرہ داسے دہ جی چہ دا ترڅو پورے چہ د Discrimination خبرہ راشی نو Discrimination as such نہ روان دے او نہ بہ کیږی انشاءاللہ۔ فیډرل گورنمنټ ورکړے دے، یو Incentive ئے ورکړے دے، ھغلتہ دا وہ چہ ھلتہ پرائیویټ سیکرټریز چہ کوم دی ھغوی بہ 17,18th پورے وو، د دے نہ زیات کیدر بہ د ھغوی مخکښے نہ تلو نو زما پہ خیال دا 17th دغہ ئے ورتہ 18 کړے دے۔ دلتہ زمونږ چہ کوم سسټم دے، دیکښے چہ کلہ پرائیویټ سیکریټریز 17th تہ راشی نو دا بیا پی ایم ایس کښے راشی۔ پی ایم ایس کښے ھلتہ لارے کھلاؤ دی۔ 20,19,18, پورے تلے شی لکہ داسے څہ بندش نشتہ، بلکہ As additional secretaries چہ کوم دی، ریټائر شوی ھم دی آن ریکارډ نو لکہ داسے As such د مخکښے تلو د پارہ څہ پابندی نشتہ۔ بلہ خبرہ دا دہ چہ ترڅو پورے د دوئ د اپ گریډیشن دغہ دے نو دے باندے Already establishment او فنانس چہ کوم دے، دوئ خپل یو میټنگ کړے

دے او یو بہ درے ځلور ورځو کښے بہ انشاءاللہ بیا میټنګ اوکړی او هغوی تہ مونږ هم دا هدایات ورکړی دی او وزیراعلیٰ صاحب هم هدایت ورکړے دے انشاءاللہ د دوئ د اپ ګریډیشن دا سلسلہ چہ کومہ دہ، دا بہ زر تر زرہ فائنلائز شی او بیا بہ وزیراعلیٰ صاحب تہ سمری، سمری ځکہ چہ دے Decision باندے سمری کیږی نو انشاءاللہ دیکښے دا یقین دهانی ورکوم چہ کہ خیر وی دا زر تر زرہ Positive outcome بہ د دے راشی۔

مسودہ قانون بابت مستقلئ ملازمت افسر مال / علاقہ قاضی، مجریہ 2012 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Thank you, ji. Honourable Minister for Law on behalf of the honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Extra Assistant Commissioner cum Illaqa Qazi, regularization of services Bill, 2012, may be taken into consideration at once. Honourable Law Minister Sahib.

Minister for Law: I request this August House that the Khyber Pakhtunkhwa Extra Assistant Commissioner cum Illaqa Qazi, regularization of service Bill, 2012 may be taken into consideration at once. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Extra Assistant Commissioner cum Illaqa Qazi, regularization of services Bill, 2012 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Amendments. Muhammad Anwar Khan Advocate, to please move his amendment in sub clause (2) of Clause 1 of the Bill. Anwar Khan Sahib.

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ دیکښے چہ کوم امنډمنټس مونږ راوړی دی جی، هغے کښے It shall come into force at once، دا اوریجنل بل کښے دی جی۔ In Clause 1 of sub clause (2), the following shall be substituted: It shall come into force at once and shall be deemed to have taken effect from the date of assumption of the charge of post of Extra Assistant Commissioner cum Allaqa Qazi.

Mr. Speaker: Ji honourable Law Minister Sahib.

وزیرقانون: دویم امنډمنټ هم دے۔ هغه د هم اووائی نو په یو ځائے به ئے بیا دغه کړو۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: هغه کلاز تهری کښے دے۔

جناب سپیکر: هغه بل کلاز کښے دے۔ دا دے کلاز کښے چه دے ، د دے تاسو څه وایئ، خبره پرے کول غواړئ؟

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: او جی۔

جناب سپیکر: نو وایئ کنه، خاموش شوئ نو مونږ وئیل چه بس ختمه د کړه۔ جی انور خان صاحب۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: علاقه قاضیان چه کوم دی، دا په 1994 کښے چه کله هغه وخت کښے ټی این ایس والا راوتی وو او هغوی ملاکنډ هم بلاک کړے وو، په هغے کښے ډیر زیات کسان شهیدان شوی وو، په هغه وخت کښے د هغه خلقو ډیمانډ وو او حکومت اعلان کړے وو چه د تحریک نفاذ شریعت محمدی والا چه کوم راوتی وو نو هلته یو ریګولیشن راغلے وو، د هغے د پاره جی علاقه قاضیان ئے اپوائنټ کول نو د هغے د پاره دلته باقاعده په هغه وخت کښے څه کسان تقریباً چار هزار کسانو Applications ورکړی وو او په هغے کښے جی، د هغه وخت چیف سیکرټری، اسټیبلشمنټ سیکرټری، ایس اینډ جی ډی، دا ټول کښیناستل یو ځائے کښے نو تقریباً نورلس کسان دوئ شارټ لسټ کړی وو او بیا په هغے کښے ګیاره کسان دوئ سیلکټ کړی وو۔ باقاعده جی دوئ د یو پراسس نه تیر شوی دی۔ بل د دوئ د یو نوټیفیکیشن چه هغه وخت کښے شوے دے نو هغه شوی دی، ای اے سی، ایکسټرا اسسټنټ کمشنر/ علاقه قاضی۔ اوس که جی، دوئ ریګولرائز کیږی او دوئ د نن نه Consider کیږی، ستره سال دوئ سروس اوکړو جی۔ په ستره سال کښے الیکشنے د دوئ په نګرانئ کښے شوی دی، په ستره سال کښے جی د دوئ چونکه کریمنل سائډ وو نو په هغے باندے د دوئ ډیرے ښه فیصلے راغلے دی، هغه فیصلے د هائی کورټ او سپریم کورټ پورے مخکښے تلے دی۔ دوئ چه کوم کیډر کښے سلیکټ شوی دی نو په هغے کښے جی، په هغه سروس کښے دوئ د نن نه دغه کیږی، ستره

سال پس جی، دوئ خو دا دے ریٹائرمنٹ ته قابو شوی دی۔ اوس به دوئ په درے کاله یا دوه کاله پس دغه کیږی او دوئ به نن ریګولرائز کیږی نو دوئ سره خو دا ظلم دے چه ستره سال اوشو، دوئ د ستره سال د بار بار حکومتونه، زه خو Appreciate کوم دا حکومت چه دوئ د ریګولر کولو د پاره ئے بل راوړو خو ورسره ورسره دا ریکویسٹ کوؤ جی چه دوئ د هغه وخت نه چه کوم وخت کښے دوئ اپوائنٹ شوی دی، د هغه وخت نه دوئ Consider کړی، ولے چه ستره سال جی، که اوس یا لیکچررز دی یا ډاکټرز دی یا ټیچرز دی، هغوی یو کال پس یا دوه کاله پس ریګولر شی نو هغه خو څه خبره نه ده خو ستره سال دوئ سروس کړے دے او بیا په دومره سیټونو باندے ناست دی او ستره سال د دوئ هغه سروس او د دوئ هغه خدمات او په هغه سختو حالاتو کښے چه دوئ کار کړے دے، چرته څومره ټینشن وو په ملاکنډ ډویژن کښے نو زه دا وایم چه دا د دوئ حق جوړیږی چه دوئ د هغه ټائم نه Consider کړی چه د کوم Date نه د دوئ اپوائنټمنټ شوے دے جی۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔ آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

